سبحٰن ربک رب العزۃ عما یصفون

الحمد للہ کہ اندنوں تازہ افادات اکمل الکملا
و افضل الفضلا اوحد زمن مولانا احمد حسن عم فیضہم الحسنی
رسالہ نافعہ و عجالہ رائعہ مسمی بہ

تنزیہ الرحمٰن عن شائبۃ الکذب والنقصان

حسب فرمائش جناب حافظ امیر الدین
صاحب کے باہتمام مہر دل عزیز منشی عبد العزیز صاحب تاجر
آخر محرم الحرام سنہ ۱۳۰۷ ہجریہ کو

مطبع عزیزی کانپور میں چھپا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مقدور ہمین کب ترے وصفونکے رقم کا | حقا کہ خداوند ہے تو لوح و قلم کا

حمد بیحد اوس جامع صفات کمالیہ کو سزا ہے جسکی ذات شائبہ امکان کذب سے منزہ اور تمام عیوب ونقص سے مبرا ہے۔ اور صفات ناقصہ سے پاک ہونا صرف اوسکے وجوب کا مقتضا ہے۔ اور نعت لاتعد اوس نبی صادق و مصدوق کو زیبا ہے جسنے چراغ ہدایت ہم گمراہون کے راستے مین رکھا۔ اور اسکی نبوت کی گواہی نے لاحقین کو خیر امم سابقین سے ملقب کیا۔ تمام انبیا کے کمالات کا ظہور اوسکے نور کا جلوہ ہے۔ سب موجودات سے پردۂ عدم کا دور ہونا اوسکے فیض کا کرشمہ ہے۔ اس ہیچمیرز کو کیا یارا کہ اوس ممدوح باری کی توصیف کا ذکر زبان پر لائے۔ اور آپکی تعریف کے لائق ایک کلمہ بھی بیان کر سکے۔ بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر کا خلعت فاخرہ اس قامت زیبا پر راست۔ اور خاتم الرسل ہونیکا کسوت گران بہا اسی عنصر لطیف پر درست ہے علیہ وعلی آلہ واصحابہ اتباعہ

افضل الصلوٰۃ والتسلیم - آنجناب کے مددگار حضرت ابوبکر یار غار و حضرت عمرؓ
معدلت شعار حضرت عثمان ذی النورینؓ جان نثار و حضرت علیؓ میدان علم کے
شہسوار یہ ہر چہار اصحاب عمارت دین کے چار رکن رکین ہین - انکے دوستدار
مستحق درجات اعلی علیین ہین - بعد حمد و نعت کے خادم طلبہ مسکین امیر الدین
طالبان حق اور ہنر ہین قادر مطلق کیخدمت بابرکت مین عرض رسا ہے - کہ اس
زمان پر آشوب مین یہ نوبت پونہچی کہ ہمارے علماے دین بجاے ہدایت خلق
ایسے مسئلون مین بحث کرنے لگے جو عوام کی گمراہی کا باعث ہون اور مخالف
دین کی موجب طعن و مضحکہ او سپر طرہ یہ ہے کہ نہ علماے محققین کے اقوال ملاحظہ
کرتے ہین نہ اہل حق کا کہنا مانتے ہین بلکہ ایسے خوفناک امر کی اشاعت کے لیے
مجلسین منعقد کرتے ہین اور اہل حق کے چھیڑنے کے لیے دور دور تک استفتے
بھیجے جاتے ہین والی اللہ المشتکی چنانچہ انہون اس قسم کا ایک استفتا دیوبند
سے حضرت استاذی افضل الفضلا اکمل الکملا سلطان المحققین فخر المدققین بحر المقام
النحریر الفہام جامع معقول و منقول حاوی فروع و اصول محط رحال کرام مرجع
خواص و عوام فخر زمن مولانا حافظ احمد حسن عم فیضہ کی خدمت سراپا برکت مین
اس مضمون کا آیا کہ امکان کذب باری مذہب اہل سنت و جماعت ہی یا نہین اور
اسکا قائل حق پر ہے یا امتناع کذب کا معتقد راہ راست پر ہر چند حضرت محتشم الیہ
کو مدیم الفرصتی مانع وقت - اور کثرت اسباق سے تحریر جواب فتوی ہذا کی مہلت

یتھی مگر سائل کی خاطر شکنی کے لحاظ سے بطریق ارتجال تقاضائے استعجال
سے استفتائے مذکور کا جواب تحریر فرمایا جسمین امکان کذب باری تعالیٰ کا استحالہ
اور امتناع کذب باری کو بدلائل قطعیہ یقینیہ ثابت کیا۔ اگرچہ عدیم الفرصتی کی وجہ
سے جناب ممدوح الصدر نے مختصرًا لکھا۔ لیکن چونکہ اصل ثبوت دعوی کے لیے
دلیل کافی اور رد زعم امکان کذب جلشانہ کے لیے برہان وافی تھی اسلیے منصفین
نے جب بہ نظر انصاف دیکھا بہت پسند کیا اور جا بجا سے اوس فتوی کی طلب
مین اسقدر خطوط آئے جنکی تعمیل دشوار تھی لہذا اس خاکسار ذرہ بمقدار نے
کمر ہمت چست کر کے یہ ارادہ صمم کیا کہ یہ جواب بطور کتاب چند اوراق مین ثبت
کر کے مطبوع کرا دیا جاوے تا کہ احقاق حق سب پر ظاہر ہو جاوے۔ راقم کو صرف
عوام کی نفع رسانی مدنظر ہے۔ اب یہان سے صفحات تا لیات مین جواب کے
کلمات طیبات اصل سوال کی نقل کرنے کے بعد درج کیے جاتے ہین و اللہ
ولی الافادۃ والاستفادۃ وبیدہ ازمۃ الحفاظۃ عن المغلطۃ۔

سوال

نحمدہ ونصلی علی نبیہ الکریم اما بعد کیا فرماتے ہین حامیان شرع احمدی اس مسئلہ
مین کہ زید یہ عقیدہ رکھتا ہے کہ امکان کذب باری تعالیٰ یعنی باریتعالیٰ کا متصف
بکذب ہونا ممکن ہے اور عقیدہ اہل سنت وجماعت اسکو جانتا ہے اور یہ دلیل
بیان کرتا ہے کہ رد المحتار مین آیا ہے کہ ھل یجوز الخلف فی الوعید فظاھر

ما فی المواقف والمقاصد ان الاشاعرۃ قائلون بجوازہ لانہ لا یعد نقصاً بل جوداً وکرماً اور نیز یہ بھی کہتا ہے کہ اگرچہ مصرح الفاظ مین خلف فی الوعید ہے مگر جبکہ امکان کذب فرع خلف فی الوعید ہے لہذا عبارت مواقف ومقاصد ضرور بالضرور مستلزم کذب باری تعالی کو ہوگی اور عمرو یہ عقیدہ رکھتا ہے کہ صادق حقیقی کذب سے منزہ ومبرا ہے ذات باری کو یہ دہبہ نقصان لگاتا ہے اعوذ باللہ وتعالی اللہ عن ذالک علواً کبیراً اور ہرگز ہرگز امکان کذب کو فرع خلف فی الوعید کی نہین مانتا اب ان دونون عقیدون مین کون حق اور کون ناحق ہے اور عبارت مواقف ومقاصد کا کیا مطلب ہے آیا زید معنی حق سمجھا ہے یا عمرو یا اور کوئی معنی ہین اوسکی تفصیل مرقوم ضرور بالضرور ہو اور معتقدین مین سے ایک کو دوسرے کے مقابلے مین کیا کہنا چاہیے زیادہ تر زبان درازی اس امر مین کیسی ہے بالتفصیل ارقام فرمائیگا۔

الجواب

سبحانك لا علم لنا الا ما علمتنا انك انت العليم الحكيم والصلوة والسلام على نبيك الكريم وصحبه واهل بيته وازواجه واتباعه اجمعين

اقول مستعینا بملهم الصدق والصواب صورت مسئولہ مین عمرو کا عقیدہ بہت درست اور صحیح ہے بلاشک وشبہ سبحانہ تعالی امکان کذب سے منزہ ومبرا ہے اور یہی اعتقاد اہل سنت والجماعۃ کثرہم اللہ تعالی کا ہے البتہ فرقہ ضالہ افرادیہ امکان کذب باری تعالی کا قائل ہے اس دعوی کے

ثبوت مین اولاً اقوال مفسرین اور ثانیاً عبارات متکلمین اور ثالثاً نصوص اصولیین وغیرہم
رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین ذیل مین درج کئے جاتے ہین **اقوال مفسرین** رحمہم اللہ
تعالیٰ مولانا قاضی ثناء اللہ پانی پتی **تفسیر مظہری** مین فرماتے ہین وَمَنْ اَصْدَقُ
مِنَ اللّٰہِ حَدِیْثًا فی لا ھذہ الجملۃ بمنزلۃ التعلیل لقولہ لاریب فیہ فان اخبارہ
تعالی لا یحتمل تطرق الکذب الیہ بوجہ من الوجوہ لانہ نقص مستحیل علی اللہ تعالی
فما ثبت بقولہ تعالی فھو حق لاریب فیہ اور **قاضی بیضاوی** نے اپنی تفسیر
مین بیان فرمایا وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰہِ حَدِیْثًا انکار ان تکون احد اکثر صدقا منہ
فانہ لا یتطرق الکذب الی خبرہ بوجہ لانہ نقص وھو علی اللہ تعالی محال اور صاحب
تفسیر حقانی جلد اول مین یون نص کرتے ہین لاریب فیہ وھو ان لم یثبتہ الی
حد الایجاب لکن اوجبہ اخبار اللہ تعالی عنہ لانہ (من اصدق من اللہ حدیثا)
لانہ عبارۃ کلامہ الازلی الذی لا دخل للکذب فیہ لانہ نقص والغیر وان
دلت الدلائل علی صدقہ فکذبہ ممکن اذا لم ینظر الیہا **تفسیر مدارک** مطبوعہ مصر مین
درج ہے وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰہِ حَدِیْثًا تمییز وھو استفہام بمعنی النفی ای لا احد
اصدق منہ فی اخبارہ ووعدہ ووعیدہ لاستحالۃ الکذب علیہ تعالی بقبحہ لکونہ
اخبارا عن الشیء بخلاف ما ھو علیہ اور **تفسیر خازن** مین ہے فَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰہِ
حَدِیْثًا یعنی لا احد اصدق من اللہ تعالی فانہ لا یخلف المیعاد ولا یجوز علیہ
الکذب اور امام المفسرین وفخر المتکلمین فخر الدین رازی تفسیر کبیر کی جلد سوم مین کس

تصریح سے اس مطلب کو ادا فرماتے ہین المسئلة السادسة قوله (وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ حَدِيْثًا) استفهام على سبيل الانكار والمقصود منه بيان انه يجب كونه تعالى صادقا وان الكذب والخلف فى قوله تع محال واما المعتزلة فقد بنوا ذلك على اصولهم الخ واما اصحابنا فدليلهم آه اور نیز وہی نطاع العلماء سند الفضلا تفسیر مذکور کی جلد سوم مین زبان صدق ترجمان سے اس مسئلہ کے بارہ مین ارشاد کرتے ہین فقد جوز الكذب على الله تعالى وهذا خطاء عظيم بل يقرب من ان يكون كفرا فان العقلاء اجمعوا على انه تعالى منزه عن الكذب تفسیر ابو سعود مین ہے (وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ حَدِيْثًا) انكار لان يكون احد اصدق منه تعالى فى وعده وسائر اخباره وبيان لاستحالة كيف لا والكذب محال عليه سبحانه دون غيره یہ عبارات ونصوص حضرات مفسرین کے جو یہانتک نقل کیے گئے استحالہ امکان کذب باری تعالی پر بلاشک وشبہ حجج ساطعہ وبراہین قاطعہ ہین اور یہ مدعا اقوال مفسرین سے ایک اور طریقہ پر بھی ثابت ہو سکتا ہے جسکے لیے تفصیل ذیل درکار ہے کہ اشاعرہ رحمہم اللہ تکلیف مالا یطاق کو جائز رکھتے ہین اور اپنے دعوی کے ثبوت مین ان آیات سے استشہاد لاتے ہین جنہین خداوند کریم نے اشخاص معینہ کے ایمان نہ لانے کی خبر دی ہے اور استشہاد کی تقریر اسطور پر کرتے ہین کہ ایمان ابولہب وغیرہ محال اور غیر ممکن ہے حالانکہ وہ ایمان کے مکلف ہین اگر تکلیف مالا یطاق جائز نہوتی تو ان کفار کو ایمانکی تکلیف نہ دیجاتی اور انکے ایمان کا

محال ہونا ظاہر ہے اسلیے کہ اگر ان اشخاص کا ایمان لانا ممکن ہوتا تو اسکے وقوع سے محال لازم آتا کیونکہ امکان کا مقتضا یہی ہے حالانکہ صورت ہذا مین برتقدیر وقوع ایمان اشخاص معلومہ کے کذب باری تعالیٰ لازم آتا ہے اور وہ محال ہے والمستلزم للمحال محال۔ اب مین کہتا ہون کہ اگر اشاعرہ کے نزدیک خدا کے کلام لفظی مین کذب ممکن ہو تو اُنکے اس استدلال کے کچھ معنی نہین ہو سکتے اسلیے کہ جب انکے نزدیک خدا کا کذب ممکن ہے تو ابولہب کا ایمان غیر ممکن اور محال کیونکر ہوا اسواسطے کہ اس ایمان کے محال ہونے کی صرف یہی وجہ تھی کہ اگر یہ ایمان واقع ہوگا تو خدا جل مجدہ کا جھوٹ لازم آئیگا اور خدا کا کذب جب محال نہ مانا گیا تو انلوگون کے ایمان لانے مین پھر کوئی قباحت نہین وہذا خلف پس معلوم ہوا کہ اشاعرہ کے نزدیک خدا تعالی کا کذب ممکن نہین چنانچہ تفسیر بیضاوی مین ہے والآیۃ مما احتج بہ من جوز تکلیف بالا یطاق فانہ سبحانہ وتعالی اخبر عنھم بانھم لا یومنون فیجتمع الضدان اھ اور فاضل لاہوری اسکی تقریر اسطرح کرتے ہین وذھب بعض الاشعریۃ الی وقوع التکلیف بالممتنع لذاتہ واستدلوا بھذہ و المراد بالجواز الجواز الوقوعی و بما لا یطاق الممتنع لذاتہ والا فالجواز مطلقا ووقوع التکلیف بما لیس بممتنع لذاتہ متفق علیہ بینھم وحاصل الاستدلال انہ سبحانہ و تعالی اخبر بانھم لا یؤمنون وامرھم بالایمان وھو ممتنع اذ لو کان ممکنا لما لزم من فرض وقوعہ محال لکنہ لازم اذ لو آمنوا انقلب خبرہ تعالی کذبا وشمل ایمانھم الایمان بانھم

لایومنون لکونه مما جاء به النبی صلی الله علیه وسلم وایمانهم بانهم لایومنون
فرع اتصافهم بعدم الایمان فیلزم اتصافهم بالایمان وعدم الایمان فیجتمع
الضدان وکلا الامرین من انقلاب خبره تعالی کذبا واجتماع الضدین محال
ومایستلزم المحال محال اور علامہ ابو سعود فرماتے ہیں والآیۃ الکریمۃ مما استدل
به علی جواز التکلیف بما لایطاق فانه تعالی قد اخبر عنهم بانهم لایومنون
فظهر استحالة ایمانهم لاستلزامه المستحیل الذی هو عدم مطابقة اخباره تعالی
للواقع مع کونهم مامورین بالایمان باقین علی التکلیف اھ اور امام فخر الدین رازی
اپنی تفسیر میں لکھتے ہیں المسئلة الثانیة احتج اهل السنة بهذه وکل ما
اشبهها من قوله لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ عَلٰی اَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ وقوله ذَرْنِیْ وَمَنْ
خَلَقْتُ وَحِيْدًا الی قوله سَاُرْهِقُهٗ صَعُوْدًا وقوله تَبَّتْ یَدَاۤ اَبِیْ لَهَبٍ علی تکلیف
ما لایطاق وتقریره انه تعالی اخبر عن شخص معین انه لایومن قط فلو صدر منه
الایمان لزم انقلاب خبر الله تعالی الصادق کذبا والکذب عند الخصم قبیح
وفعل القبیح یستلزم اما الجهل واما الحاجة وهما محالان علی الله تعالی والمفضی
الی المحال محال فصدور الایمان والتکلیف به تکلیف بالمحال وقد یذکر هذا
فی صورة العلم وهو انه تعالی لما علم منه انه لایومن فکان صدور الایمان
منه یستلزم انقلاب علم الله جهلا وذلك محال ومستلزم المحال محال
اور تکلیف ما لایطاق کے مانعین یعنی ماتریدیہ وغیرہ اس استدلال کا جواب اسطور

بیان فرماتے ہین کہ متنازع فیہ جواز تکلیف مالایطاق غیر ممکن لذاتہ اور ممتنع بنفسہ
کا ہے اور وہ بیان لازم نہین آتا بلکہ ممتنع لغیرہ کی تکلیف کا جائز ہونا لازم آتا ہے اور
وہ متنازع فیہ نہین ہے بلکہ سب کا متفق علیہ ہے اور ہم یہ نہین تسلیم کرتے کہ ممکن بالذات
ممتنع بالغیر سے محال بالذات لازم نہین آتا دیکھو کہ عدم معلول اول ممکن بالذات
ممتنع بالغیر ہے اور اس سے محال بالذات یعنی عدم واجب لازم آتا ہے والا یلزم
تخلف المعلول عن علتہ التامۃ وھو محال ہان اگر ممکن بالذات کی حیثیت امتناع
بالغیر پر نظر نہ کیجاے تو بیشک اس سے محال بالذات لازم نہ آئیگا پس مانحن فیہ جبکہ ابولہب
وغیرہ کا ایمان بسبب خبر دینے اور علم باری کے ممتنع بالغیر ہو گیا ہے تو اگر بر تقدیر وقوع
کے محال بالذات یعنی کذب اور جہل باری کو مستلزم ہو تو اوسکے امکان ذاتی کی منافی
نہین اب اہل انصاف کی خدمت مین عرض کرتا ہون کہ اگر ماتریدیہ وغیرہ کے نزدیک
خدا تعالی کا کذب ممکن بالذات ہوتا تو اس تطویل لاطائل کی کیا حاجت تھی صرف
اتنا ہی جواب کافی تھا کہ باریتعالی کا کذب کلام لفظی مین ممکن بالذات ہے پس خدا کے
خبر دینے سے یہ ایمان غیر ممکن بالذات نہین ہو سکتا کیونکہ بر تقدیر وقوع ایمان کی کوئی
قباحت لازم نہین آتی غایۃ مافی الباب کذب باری لازم آئیگا اور وہ محال بالذات
نہین پس ایمان ابولہب کیونکر محال بالذات ہوا پس معلوم ہوا کہ مشائخ ماتریدیہ کا بھی وہی
مذہب ہے جو اشاعرہ کا مشرب ہے یعنے خدا کے کلام لفظی کا بھی کاذب ہونا ممتنع بالذات
وغیر ممکن ہے اب ملاحظہ کیجیے کہ حضرات علماے معترضین استدلال مذکور کا کیا جواب

دیتے ہین مگر مین بلحاظ اختصار بعض مفسرین کے اقوال پر اکتفا کرتا ہون علامۂ بیضاوی
اور ابو سعود لکھتے ہین والاخبار بوقوع الشئ او عدمہ لا ینفی القدرة علیہ کاخبارہ
تعالی عما یفعلہ ہو او العبد باختیارہ فاضل لاہوری اسکی تقریر اسطرح کرتے ہین
قولہ والاخبار الخ جواب عن الاستدلال المذکور وحاصلہ ان ایمانہم لیس من الممتنع
فیہ لانہ امر ممکن فی نفسہ وباخبارہ تعالی بعدم الایمان لا یخرج من الامکان غایتہ
انہ یصیر ممتنعا بالغیر واستلزم وقوعہ الکذب او اجتماع الضدین بالنظر الی ذلک
لان اخبارہ تعالی بوقوع الشئ او عدم وقوعہ لا ینفی قدرتہ علیہ ولا یخرجہ من
الامکان الذاتی لامتناع الانقلاب وانما ینفی عدم وقوعہ او وقوعہ فیصیر
ممتنعا واللازم للممکن ان لا یلزم من فرض وقوعہ نظرا الی ذاتہ محال واما بالنظر الی
الامتناع فقد یستلزم الممتنع بالذات کاستلزام عدم المعلول الاول عدم الواجب
انتہی عبارات حضرات متکلمین رضی اللہ تعالی عنہم تشریک خلاصۂ آل عبا سند العلماء سید سند علیہ
الرحمۃ شرح مواقف مین نص کرتے ہین تفریع علی ثبوت الکلام للہ تعالی وہو انہ
یمتنع علیہ الکذب اتفاقا اما عند المعتزلۃ فلوجہین الاول انہ الخ والثانی انہ منافی
لمصلحۃ العالم لانہ اذا جاز وقوع الکذب فی کلامہ ارتفع الوثوق عن اخبارہ بالثواب
والعقاب وسائر ما اخبر بہ من احوال الآخرۃ والاولی اہ اما امتناع الکذب علیہ
تعالی عندنا فلثلثۃ اوجہ الاول انہ نقص والنقص علی اللہ تعالی محال اجماعا الخ اور
امام المحققین جلال الدین دوانی شرح عقائد جلالی مین دربارۂ تنزیہات باری عز اسمہ

یون نص فرماتے ہین ولا یصح علیہ الحرکۃ ولا الانتقال ولا الجہل ولا الکذب لانہما نقص والنقص علی اللہ تعالی محال اور دوسرے مقام مین عضد الملۃ والدین یکہ صاحب عضدیہ فرماتے ہین وہو منزہ عن جمیع صفات النقص کما سبق من اجماع العقلاء علی ذلک اور صاحب مواقف نے بعد رد کرنے فرق باطلہ کے لکھاہے واما الفرق الناجیۃ فہم الاشاعرۃ والسلف من المحدثین اہل السنۃ والجماعۃ وقد اجمعوا انہ لیس فی حیز ولا جہۃ ولا یصح علیہ الحرکۃ ولا الانتقال ولا الجہل ولا الکذب ولا شئ من صفات النقص اھ اور صاحب حاشیۃ خیالی شرح عقاید کے قول کیف وہو استدلال کے ذیل مین کہتے ہین بل الکذب منتف بالاجماع ایک اور استدلال اقوال متکلمین سے طالبین حق کے پیش نظر کرتا ہون کہ در اصل مشائخ کرام ماتریدیہ کثرہم اللہ اور معتزلہ ہداہم اللہ کے نزدیک اشیا کا حسن و قبح عقلی ہے اور اشاعرہ رحمہم اللہ کے نزدیک شرعی ہے چنانچہ اسکی تفصیل بفضلہ تعالی بیان کیجائیگی معتزلہ نے اشیا کے حسن و قبح عقلی ہونے کے چند وجوہ بیان کی ہین جیسا کہ مسلم الثبوت و شرح مواقف مین مذکور ہے منجملہ ان وجوہات کے دو طریق الزامی بیان کیے ہین جنہین سے ایک کا خلاصہ یہ ہے کہ اگر حسن و قبح عقلی نہ ہوتا تو خدا کا جھوٹ بولنا کیونکر محال ہوتا وہو باطل بالاجماع اشاعرہ اس کا جواب یون دیتے ہین کہ ہمارے نزدیک خدا کے کذب کا محال ہونا قبح عقلی پر مبنی نہین تاکہ اسکی انتفاء سے کذب باری کا امتناع ثابت نہ ہو سکے بلکہ جائز ہے کہ اسکی وجہ کوئی اور ہو۔ ناظرین اہل انصاف اس سے بخوبی معلوم کر سکتے ہین کہ اہل سنت

والجماعت کا مذہب یہی ہے کہ امکان کذب باری محال ہے صرف استدلال کی تعیین
طرق مین کلام ہے شرح مواقف کی عبارت جو ذیل مین درج کیجاتی ہے اسپر شاہد ہے
واما الطریقان الالزامیان فاحدھما لو حسن من الله کل شئ کما اقتضاہ مذھبکم
من ان القبح انما ھو لاجل النھی الذی لا یتصور فی افعالہ لحسن ای لم یمتنع منہ
الکذب وفی ذلک ابطال للشرائع وبعثۃ الرسول بالکلیۃ لانہ قد یکون فی تصدیقہ
للنبی بالمعجزۃ کاذبا فلا یمکن حینئذ تمییز النبی عن المتنبی فلا یثبت الاحکام
الشرعیۃ وینتفی فائدۃ البعثۃ وانہ باطل بالاجماع ولحسن منہ ایضا خلق المعجزۃ
علی ید الکاذب وعادا لمحذور الذی ھو سد باب النبوۃ والجواب ان مدرک
امتناع الکذب منہ تعالی عندنا لیس ھو قبحہ العقلی حتی یلزم من انتفائہ ان
لا یعلم امتناعہ اذ یجوز ان یکون لہ مدرک اخر وقد تقدم ھذا فی مباحث کونہ
تعالی متکلما آہ اور اسکی تحقیق انشاء اللہ تعالی آگے آئیگی اور علامہ تفتازانی
نے شرح عقائد میں دربارۂ امتناع جواز تکلیف مالا یطاق نص کیا ہے وقد یستدل
بقولہ تعالی لَا یُکَلِّفُ اللّٰہُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَھَا علی نفی الجواز وتقریرہ انہ لو کان جائزا
لما لزم من فرض وقوعہ محال ضرورۃ ان استحالۃ اللازم یوجب استحالۃ الملزوم
تحقیقا لمعنی اللزوم لکنہ لو وقع لزم کذب اللہ تعالی وھو محال وھذہ نکتۃ فی
بیان استحالۃ کل ما یتعلق علم اللہ او ارادتہ او اخبارہ بعدم وقوعہ وحلھا انا لا
نسلم ان کل ما یکون ممکنا فی نفسہ لا یلزم من فرض وقوعہ محال وانما یجب

ذلك لو لم يعرض له الامتناع بالغير و الا لجاز ان يكون لزوم المحال بناء على الامتناع
بالغير الا ترى ان الله تعالى لما اوجد العالم بقدرته واختياره فعدمه ممكن فى نفسه
مع انه يلزم من فرض وقوعه تخلف المعلول عن علته التامة وهو محال والحاصل
ان الممكن لا يلزم من فرض وقوعه محال بالنظر الى ذاته اما بالنظر الى امر زائد على نفسه
فلا نسلم انه لا يستلزم المحال **نصوص علماء اصول** رضوان الله عليهم اجمعين او استاذ
اساتذة الهند **ملا نظام الدين سہالوی** شرح **مسلم الثبوت** کی اس مقام مین فرماتے
ہین وثانيا انه اى الحكم عقلا لولا لم يمتنع الكذب منه تعالى والتالى باطل لان
الكذب منه لو كان جائزا فلا يمتنع اظهار المعجزة على يد الكاذب فانه من شعب
الكذب واذ قد جاز فالاكاذيب كلها سواسية فينسد باب النبوة وهو مفتوح
البتة اور **مولانا عبد العلى بحر العلوم فواتح الرحموت** شرح **مسلم الثبوت** مین لکھتے ہین
لاستحالة الكذب هناك اور **صدر الشريعة توضيح** مین یون **تنقیح** کرتے ہین وانما
عدل عن الامر الى الاخبار لان المخبر به ان لم يوجد فى الاخبار يلزم كذب الشارع
اور علامہ سعد الملة والدين اسی قول پر **تلویح** مین بیان فرماتے ہین لانه اذا حكم
بثبوت شئ لشئ او نفيه عنه فان لم يتحقق ذلك لزم كذب الشارع وهو
محال یہانتک تو اقوال و تصریحات علمای کرام و فضلاء عظام واسطے ثبوت مدعای
مذکور بالا کے نقل کیے گئے اب اُسی مدعا پر ایک دلیل عقلی قایم کیجاتی ہی جسکے
مقدمات علماء کلام کے اقوال سے مستنبط ہین وہ یہ ہے کہ بی شک اضداد

صفات کمالیہ نقائص ہین اور ذات باریتعالی صفات ناقصہ سے مبرا ہے قال
فی شرح العقائد النسفیۃ علی ان اضدادھا نقائص یجب تنزیہہ تعالی عنھا او
رفع احد المتناقضین ثبوت دوسرے کو مستلزم ہے قال ابو المحسن الشہید فی حاشیۃ
علی ذلک الشرح فی توضیح العبارۃ المذکورۃ للبداھۃ العقلیۃ بان رفع الحیوۃ
ورفع القدرۃ ونحوہ نقائص یجب تنزیہ اللہ تعالیٰ بالاجماع وارتفاع احد
المتنافیین یستلزم ثبوت الآخر ضرورۃ اور چونکہ خدا کا متکلم ہونا بکلام صادق ومطابق
واقع ظاہر وباہر ہے لہذا اسکی نقیض جسکا محصل کذب ہے واجب الرفع ہوگی
وھو المدعی آب وہ شکوک وشبہات جو براہین قاطعہ مذکورہ بالا پر بادی النظر مین مخطور
بالبال ہوسکتی ہین مع دفعات ذیل مین درج کیجاتی ہین - اگر یہ کہا جاے کہ خدا
تعالی کا جمیع نقائص سے کہ منجملہ اُنکے کذب بھی ہے مبرا ہونا کیونکر متفق علیہ عقلا ہوسکتا
ہے حالانکہ بعض اکابر عقلا یعنی اشاعرہ کے نزدیک تمام اشیاء کا حسن وقبح شرعی ہے
فما راہ الشرع حسنا فھو حسن وما قال انہ قبیح فھو قبیح اور عقاید عضدیہ مین منصوص
ہے ولا حاکم سواہ فلیس للعقل حکم فی حسن الاشیاء وقبحھا وفی کون الفعل سببا
للثواب والعقاب تو اسکا جواب یہ ہے کہ حسن وقبح کے تین معنی ہین دو او نمین سے
اتفاقاً عقلی ہین اور ایک متنازع فیہ اور فیما نحن فیہ مین قبح بمعنی نقصان عقلی قرار
دیا ہے اور وہ اتفاقاً عقلی ہے کما قال الدوانی قالوا الحسن والقبح یطلق علی ثلثۃ
معان الاول صفۃ الکمال والنقص والثانی ملائمۃ الغرض ومنافرتہ وقد یعبر عنھما

بالمصلحة والمفسدة ولا نزاع في ان هذين المعنيين ثابتان للصفات في نفسها
وان ماخذهما العقل والثالث المدح والذم عاجلا والثواب والعقاب آجلا وهو
محل الخلاف اور ایسا ہی مسلم الثبوت اور تلویح وغیرہ مین مذکور ہے اور صاحب
مسلم الثبوت نے رد امکان کذب باری تعالیٰ مین اسطرح پر ذکر کیا ہے والجواب انہ
نقص وقد مر انہ لا نزاع فیہ وما في المواقف ان النقص في الافعال يرجع الى القبح
العقلي فممنوع لان ماينافي الوجوب الذاتي كيفما كان او فعلا من الاستحالات
العقلية ولذلك اثبته الحكماء لكن يلزم على الاشاعرة امتناع تعذيب الطائع
كما هو مذهبنا ومذهب المعتزلة فانه نقص مستحيل عليه تعالى شانه اور اگر
کوئی یون وہم کرے کہ جب کذب باری تعالی بالنظر الی الذات محال ہے تو ان براہین
قطعیہ کے کیا معنی ہونگے اسلیے کہ برتقدیر انکی محالیت اوسکی معلل ومثبت بالغیر ہوگی
تو اسکا جواب یہ ہے کہ براہین واسطہ فی الاثبات ہین نہ واسطہ فی الثبوت اور
استحالہ بالذات کی منافی واسطہ فی الثبوت ہوتا ہے نہ واسطہ فی الاثبات غایۃ
ما فی الباب یہ ہے کہ محالیت اوسکی نظری ہوگی جیسے کہ وجوب بالذات براہین سے
مثبت ہے اور یہ منافی اوسکی ذاتیت کی نہین ہے اور تحقیق واسطہ فی الاثبات
اور واسطہ فی الثبوت کے مولانا بحر العلوم قدس سرہ کے حواشی سے بخوبی ہو سکتی
ہے۔ اور اگر یون کہا جاوے کہ جمیع عبارات دالہ امتناع کذب باری تعالے
سے امتناع بالغیر مراد ہے۔ اور یہ امکان بالذات کی منافی نہین آسکا جواب یہ ہے

کہ جب لفظ استحالا اور امتناع مطلق واقع ہوتے ہین تو اُسکا فرد کامل یعنی امتناع بالذات
مراد ہوتا ہے جیسا کہ جب وجوب اور امکان مطلق استعمال کئیے جاتے ہین تو وجوب بالذات
اور امکان بالذات مراد ہوتا ہے کما لا یخفی علی الماہر ماسوا اسکے عبارات مستندہ میں
فقط لفظ امتناع و استحالہ نہین تاکہ عذر مذکور کی گنجایش ہو بلکہ - لا یجوز - ولا یحتمل - ولا یتطرق
ولا یدخل - وغیرہ الفاظ جو امکان کے مساوق اور مرادف ہین وہ بھی مصرح ہین اور
یہان بھی احتمال بالغیر کا نکالنا بلا ضرورت حقیقت سے مجاز کیطرف عدول کرنا ہی وہو
ظاہر البطلان چنانچہ کتب عقاید و اصول مین موجود ہے یجب حمل النصوص علی ظواہرہا حتی
الامکان وثانیاً اول اب بعد فراغ استدلالات امتناع کذب باریتعالیٰ زید کے استدلال کیطرف
توجہ کیجاتی ہے جو اُسنے عبارت شامی وغیرہ سے کیا ہے وہ استدلال بچند وجوہ مخدوش
ہے اول یہ کہ خلف فی الوعید جسکو مستند و دلیل ٹھہرایا ہے وہ قول محققین نہین پھر
فرع اوسکی کیسے قابل اعتبار اور سزاوار اعتقاد ہوگی خود علامہ شامی نے بعد نقل کرنے
عبارت مستشہدہ زید کے نقل کیا ہے وصرح التفتازانی وغیرہ بان المحققین علی عدم جواز
وصرح النسفی بانہ الصحیح لاستحالتہ علیہ تعالی لقولہ تعالیٰ وَقَدْ قَدَّمْتُ اِلَیْکُمْ بِالْوَعِیْدِ مَا
یُبَدَّلُ الْقَوْلُ لَدَیَّ وقولہ تعالیٰ وَلَنْ یُّخْلِفَ اللّٰہُ وَعْدَہٗ ای وعیدہ وانما یمدح بالعفو
خاصۃ اور نیز اوسکی چند سطرون کے بعد نقل کیا ہے لکنہ مبنی علی جواز العفو
عن الشرک عقلاً وعلیہ یبتنی القول بجواز الخلف فی الوعید وقد علمت ان الصحیح
خلافہ اور علامہ تفتازانی نے شرح عقاید نسفیہ مین تصریح

کی ہے۔ عبارتہ ہکذا زعم بعضھم ان الخلف فی الوعید کرم فیجوز من اللہ تعالی و
المحققون علی خلافہ وکیف وھو تبدیل للقول وقد قال اللہ تعالی ما یبدل القول لدی
اور محقق دوانی نے اسی مطلب کو شرح عقاید جلالی میں یوں بیان فرمایا ہے وقیل
ان المحققین علی خلافہ کیف وھو تبدیل للقول وقد قال اللہ تعالی ما یبدل القول
لدی۔ اور جو کہ واحدی نے دربارہ جواز خلف فی الوعید اپنی تفسیر بسیط میں یوں بیان
کیا ہے والثانی ان قولہ فجزآؤہ جھنم معناہ الاستقبال ای انہ سیجزی بجھنم
ھذا وعید قال وخلف الوعید کرم اوسکا رد امام المتکلمین فخر الدین رازی نے
تفسیر کبیر میں اسطرح کیا ہے واما الوجہ الثانی من الوجھین اللذین اختارھما فھو
فی غایۃ الفساد لان الوعید من اقسام الخبر فاذا جوز علی اللہ الخلف فیہ فقد
جوز الکذب علی اللہ وھذا خطاء عظیم بل یقرب من ان یکون کفرا فان العقلاء
اجمعوا علی انہ تعالی منزہ عن الکذب ولانہ اذا جوز الکذب علی اللہ فی الوعید۔
لاجل ما قال ان الخلف فی الوعید کرم فلم لا یجوز الخلف فی وعید الکفار ایضاً
فاذا جاز الخلف فی الوعید لغرض الکرم فلم لا یجوز فی القصص والاخبار لغرض المصلحۃ
ومعلوم ان فتح ھذا الباب یفضی الی الطعن فی القرآن وکل الشریعۃ ونیز اسی تفسیر میں ہے
ولما کان منزھا عن النقائص والآفات کان منزھا عن الخلف والکذب وکل ما
وعد بہ فلا بد وان یقع ھذا اذا قلنا انہ تعالی لا یراعی مصالح العباد واما
اذا قلنا انہ یراعیھا فنقول الکذب انما یصدر عن العاقل اما للعجز او الجھل او الحاجۃ

ولما كان الحق سبحانه منزها عن الكذب كان الكذب عليه محالا فاما الخبر عن
نزول العذاب بهؤلاء الكفار وبحصول الحشر والنشر وجب القطع بوقوعه الخ
وفي المسلم ولا يخرج العفو لان الخلف في الوعيد جائز دون الوعد ورُدَّ بان
الايعاد الله تعالى خبر فهو صادق قطعا وقال بحر العلوم في شرح قوله فهو صادق
آه لاستحالة الكذب هناك اور غير محققين گو جواز خلف في الوعيد كے قائل و معتقد
ہين مگر جواز كذب باريتعالى كے ہرگز ہرگز معتقد نہين ہين چنانچہ مناظرہ اونكا جو تفسير كبير مين
مذكور ہے شاہد عادل ہے وذكر الواحدي في البسيط طريقة اخرى فقال لم لا يجوز ان
يحمل هذا على ميعاد الاولياء دون وعيد الاعداء لان خلف الوعيد كرم عند
العرب قال والدليل عليه انهم يمدحون بذلك قال الشاعر ؎ اذا وعد السراء
انجز وعده * وان اوعد الضراء فالعفو مانعه وروى المناظرة التي دارت بين ابي
عمرو بن العلاء وبين عمرو بن عبيد قال ابو عمرو بن العلاء لعمرو بن عبيد ما تقول
في اصحاب الكبائر قال اقول ان الله وعد وعدا واوعد ايعادا فهو منجز ايعاده
كما هو منجز وعده فقال ابو عمرو بن العلاء انك رجل
اعجم لا اقول اعجم اللسان ولكن اعجم القلب ان العرب
تعد الرجوع عن الوعد لؤما وعن الايعاد كرما وانشد
؎ واني وان اوعدته او وعدته * لمكذب ايعادي
ومنجز موعدي * واعلم ان المعتزلة حكوا ان ابا عمرو بن العلاء

لما قال هذا الكلام قال له عمرو بن عبيد يا ابا عمرو فهل يسمي الله يكذب نفسه
فقال لا فقال عمرو بن عبيد فقد سقطت حجتك قالوا فانقطع ابو عمرو بن العلاء
وعندي انه كان لابي عمرو بن العلاء ان يجيب عن هذا السوال فيقول انك قست
الوعيد على الوعد وانا انما ذكرت هذا البيان للفرق بين البابين وذلك لان الوعد
حق عليه والوعيد حق له ومن اسقط حق نفسه فقد اتى بالجود والكرم ومن اسقط حق غيره
فذلك هو اللؤم فظهر الفرق بين الوعد والوعيد وبطل قياسك وانما ذكرت
هذا الشعر لايضاح هذا الفرق فاما قولك لو لم يفعل لصار كاذبا ومكذبا
نفسه فجوابه ان هذا انما يلزم لو كان الوعيد ثابتا جزما من غير شرط وعندي
جميع الوعيدات مشروطة بعدم العفو فلا يلزم من تركه دخول الكذب في
كلام الله تعالى فهذا ما يتعلق بهذه الحكاية والله اعلم انتهى اس مناظره سے
خوب واضح ہوگیا کہ مجوزین خلف فی الوعید مجوز امکان کذب باری عز اسمہ کے ہرگز نہیں
ہین ورنہ بند ہونے اور کلمۂ لا کے کیا معنے ہونگے ونیز تفصیل اس اجمال کی یہ ہے
کہ اثبات تنزیہات باریتعالی کا مدار نقص و قبح پر ہے اور صفات ثبوتیہ کا مناط
کمال وحسن پر ہے کما لا یخفی علی الفطن الذکی۔ لہذا جمیع علمائی کرام دلائل تنزیہات مین
اس مقدمہ کو اخذ کرتے ہین لانہ نقص والنقص علیہ تعالی محال اور اسکے ثبوت مین
اجماع اہل حق سے استشہاد کرتے ہین جیسا کہ حسن شہید خیالی و شرح مواقف و
جلالی و نسفی مین مذکور ہے اور براہین اثبات صفات ثبوتیہ مین جا بجا اس قضیہ کو

مد نظر رکھتے ہین لانہ کمال وہو جامع للکمالات فی لہذا قالوا الوجوب منبعہ کل نقص وھو جب کل کمال و نقلوا علیہ الاجماع جیساکہ حسن شہید مؤلف حاشیۂ شرح عقاید نسفی و جلالی نے مسطور کیا ہے اور اسیوجہ سے مجوزین نے خلف فی الوعید کے اثبات مین اس مقدمہ کو پیش نظر رکھا ہے لان الخلف فی الوعید لیس بنقص بل ہو کمال و کرم اور خلف فی الوعد کے امتناع مین یون کہا ہے لان الخلف فی الوعد نقص آہ بعد تمہید ہذا کے جاننا چاہیے کہ بالضرور کذب صفت نقصان ہو گی یا صفت کمال برتقدیر اول خلف فی الوعید کے مجوزین مجوز کذب نہونگے کیونکہ تجویز خلف فی الوعید کا مدار صرف کمال پر تھا اور وہ یہان مفقود ہے بلکہ کذب مثل باقی صفات نقص کے شان خدا تعالی مین محال ہوگا اور خلف فی الوعید دوسرے صفات کمالیہ کیطرح باعث کمال اور ضروری الثبوت ہوگا پس معلوم ہوا کہ تجویز خلف فی الوعید سے امکان کذب پر استشہاد لانا صحیح نہین اور تقدیر ثانی پر کذب بھی کمال ہونیکی جہت سے ضروری الثبوت ہوگا ولا یقول بہ عاقل فضلا عن فاضل و یابی عن التزامہ الفطرۃ الانسانیہ اور اگر کہا جاے کہ کذب بیشک نقصان اور محال ہے مگر امکان کذب ایسا نہین تو یہ بعینہ ایسی بات ہے کہ کوئی کہے کہ جہل و عجز وغیرہ صفات ردیہ تو محال ہین مگر انکا امکان محال نہین اور یہ بدیہی البطلان ہے علاوہ اسکے عقلاء کے نزدیک یہ مقدمہ مبرہن ہے کہ امکان المحال محال اور اگر یون وہم جاے کہ بیشک بنظر دلائل بالا و لزوم استحالات فاحشہ خلف فی الوعید سے امکان کذب کا اعتقاد

نکرنا چاہیے مگر جواز خلف فی الوعید سے لازم آتا ہے کہ کذب باری عز اسمہ ممکن ہو اسلئے
کہ جب وعیدات اخبار ہین پھر انکے معانی مقصودہ کے خلاف وقوع مین آنا یہی کذب
ہے لان الکذب عبارۃ عن عدم المطابقۃ لما یحکی عنہ جواب اسکا اولاً یہ ہے کہ (جواب اول)
یہ لزوم ممنوع ہے چنانچہ محقق دوانی نے شرح عقاید جلالی مین نص کیا ہے عبارتہ
ہکذا اما الکذب فقد قیل ان جوز الخلف فی الوعید بناءً علی انہ مکرمۃ من
اللہ تعالی یلزم تجویز الکذب علیہ تعالی وبعضہم منع ذلک زعماً منہ ان الکذب
لا یکون الا فی الماضی والخلف فی المستقبل الخ وفسادہ ظاہر لان الکذب ہو الخبر
الغیر المطابق للواقع سواءً اکان فی الماضی وفی المستقبل ومن ثم کذب اللہ تعالی
الخ والوجہ فی دفعہ ان آیات الوعید مشروطۃ بشروط معلومۃ من الآیات الاخر
والاحادیث منہا الاصرار وعدم التوبۃ ومنہا عدم عفوہ تعالی فیکون فی قوۃ الشرطیۃ
فلا یلزم الکذب اصلاً ویمکن ان یقال المراد ہہنا انشاء الوعید والتہدید لا حقیقۃ
الاخبار فلا یتصف بالکذب اور ثانیاً یہ کہ یہ امر زید کو مفید نہین اسلیے کہ انکی غرض (جواب دوم)
یہ تھی کہ امکان کذب جو اپنا معتقد ٹھہرائے اور تجویز خلف فی الوعید کو سند پکڑے اور
حاصل اعتراض یہ ہوا کہ مجوزین خلف فی الوعید کے گو معتقد امکان کذب باری تعالی
نہین ہین مگر لازم ہے التزام آتا ہے پس زید کو کیونکر مفید ہو سکتا ہے غایۃ ما فی الباب
یہ لازم آیا کہ خلف فی الوعید ایسے امر کو مستلزم ہے جسکا استحالہ ثابت ہو چکا ہے
یہی وجہ ہے کہ مجوزین خلف فی الوعید کے اقوال مین علما دو گروہ ہین ایک گروہ بسبب نزدم

کذب کے اس تجویز کو رد کرتے ہین اور دوسرا گروہ تاویل کرکے آیات وعید انشائیات ہین اور بر تقدیر اخبار مشروط بشرائط مسطورۃ الصدر بہر کیف امکان کذب لازم نہیں آیا کیونکہ یہ حقیقۃً خلف نہیں کما نص علیہ العلامۃ الدوانی قیل ان المحققین علی خلافہ کیف وھو تبدیل للقول وقد قال اللہ تعالی ما یبدل القول لدی وما انا بظلام للعبید۔ قلت ان حمل آیات الوعید علی انشاء التھدید فلا خلف لانہ حینئذ لیس بخبر بحسب المعنی وان حمل علی الاخبار کما ھو الظاہر فیمکن ان یقال بتخصیص المذنب المغفور عن عمومات الوعید بالدلائل المنفصلۃ اولا فلا خلف علی ھذا التقدیر ایضاً فلا یلزم تبدیل القول واما اذا لم یقل باحد ھذین الوجہین فیشکل التفصی عن لزوم التبدیل والکذب اللھم الا ان یحمل آیات الوعید علی استحقاق ما اوعد بہ لا علی وقوعہ بالفعل علاوہ اسکے مجوزین خلف فی الوعید وقوع خلف کے بھی قائل ہین جیساکہ اونکے دلائل سے ظاہر ہے حیث قالوا لانہ لیس بنقص بل ھو کمال وانت تعلم ان الوجوب موجب لکل کمال والوعید حقہ علی العباد وقال لا تفعلوا کذا فاذا غفلوا ففعلوا فان شاء عفا وان شاء اخذ لانہ حقہ واولٰھما العفو والکرم انہ غفور حلیم جلالی اور محققین کا رد بھی دال ہے کہ وہ لوگ وقوع کے قائل ہین کیف وھو تبدیل للقول الخ تبدیل قول جب لازم آتی ہے کہ اوسکا وقوع ہوا اور جبکہ سند امکان کذب کی تجویز خلف فی الوعید ہے تو امکان کذب کیا اسکے وقوع کا قائل ہونا پڑیگا وھو باطل بالاجماع پس ضرور ہوا کہ اس لزوم کی وجہ سے اونکے قول کی تاویل کیجاوے

جیسا کہ ایسے لزومات باطلہ کے موقعو نپر کیجاتی ہے نہ یہ کہ ایسے لازم باطل کا التزام
کرلین مثلاً طائفہ متکلمین زیادتی علم اور وجود وغیرہ صفات کے قائل ہین حکما اسکے جواب
مین اونپر استحالات قایم کرتے ہین پھر کیا ہم ان امور الزامیہ کو اپنا معتقد
بنا دینگے ہرگز ہرگز نہین اور زید کے استدلال کا مخدوش ہونا دوسرے عنوان
سے بھی ہوسکتا ہی مگر بعد تمہید مقدمہ جلیہ کے اور وہ یہ ہے صدق الخبر مطابقتہ
لما قصد بہ لا الظاہرہ لولات الالفاظ کما فی المطول ظاہر ہے کہ اگر صدق خبر کا مدار
یہ ہوتا کہ ظاہر مدلولات الفاظ کے مطابق ہو تو تمام مجازات کاذب ہوتے کیونکہ
زیداً اسدٌ و انما الاعمال بالنیات وغیرہ اپنی مدلول ظاہری کے مطابق نہین والتالی
باطل فالمقدم مثلہ بعد اس تمہید کے معلوم کرنا چاہیے کہ جو لوگ خلف فی الوعید
کے جواز بلکہ وقوع کے قائل ہین چنانچہ اونکے اقوال وعبارات سے صاف ظاہر ہے
اگر انکی یہ غرض ہے کہ اُن وعیدات کے جو ظاہری معنی ہین وہی مقصود حاکی ہین اس
تقدیر پر صرف امکان پر کفایت نہین ہوگی بلکہ فعلیۃ کذب لازم آئیگی کیونکہ یہ قضایا
مطلقہ عامہ ہین اور صدق وکذب مطلقہ عامہ کا دائما ہوتا ہے نہ وقت مخصوص مین
چنانچہ شروح سلم مین مصرح ہے گو کذب کا بالفعل علم نہو ولا یخفی بطلانہ علی احد
کیونکہ اس صورت مین حضرات مجوزین خلف فی الوعید کذبنی ابن آدم ولا ینبغی لہ
اور فقد کذبوا بالحق لما جاءھم الآیہ ودیگر آیات تکذیب کے مورد و مصداق
بنتے ہین اعاذنا اللہ وجمیع المسلمین اور اگر انکا یہ مطلب ہے کہ جو ظاہر معنی ان وعیدات

سے مفہوم ہوتے ہیں اوسکے خلاف ارادۂ ازلی سے سرزد ہوگا اور الفاظ وعیدیہ سے
مقصود یہ ہے کہ یہ عقوبات بشرط عدم توبہ اور معاف نکرنے وغیرہ قیودات کے ہیں اور
وہ لوگ اسکو خلاف فی الوعید کہتے ہیں تو اس صورت میں کذب کا وہم بھی نہیں جیسا کہ مقدمۂ
ممہدہ بالا سے بخوبی ظاہر ہے اور اگر کہا جاے کہ جب خلف فی الوعید باعث کذب نہیں تو
امر باطل کے باطل ہوا پس عبارات اشاعرہ کی جو دربارۂ خلف فی الوعید مواقف و
مقاصد میں مذکور ہیں کیا معنی ہونگے تو جواب اسکا اگرچہ ضمناً عبارات بالا سے مستفاد
ہوگیا ہے مگر واسطے تنبیہ اذہان قاصرہ کے تصریح کیجاتی ہے فمراد الاشاعرة بقولهم
ان الخلف فی الوعید کرم وجود ان الکریم اذا اخبر بالوعید فاللائق بشانه ومقتضی
کرمه ان یبنی اخباره علی المشیة فجمیع العمومات الواردة فی الوعید متعلقة بالمشیة
وان لم یصرح بها زجراً للعاصین ومنعا لهم فلا یلزم الکذب والتبدیل کذا فی الخیالی
وحواشیه اور اگر یہ وہم ہو کہ یہ عدول حقیقت سے طرف مجاز کے ہے اور نیز یہ
تقیید آیات واحادیث وعد میں بھی جاری ہوگی پس جواز تعذیب موعود الجنة
بغیر حساب کا جواز وقوعی لازم آئیگا وهو باطل عند الکل تو جواب اسکا شرح سلم الثبوت
مولانا بحر العلوم میں مذکور ہے عبارته هکذا فلا بد ان یقال فی العذر ان الایعاد فی
کلامه تعالی مقید بعدم العفو فلا خلف ولا ایراد ولکن الشان تقلب علیه بان التقیید
عدول عن الحقیقة بلا موجب ومثله یجری فی الوعد ایضا فیلزم جواز تعذیب
الموعود بالجنة بغیر حساب جوازاً وقوعیا والحق ان الموجب للعدول متحقق وهو

ثبوت جواز العفو لاھل الکبائر الغیر المشرک ثبوتاً قطعیاً جلیاً مثل الشمس علی نصف النہار
فلا بد من العدول عن الظاھر فی الوعیدات التی لغیر الکفرۃ فاما بالتقیید او بجعلہ
لانشاء التخویف واما الوعد فلا موجب فیہ فیبقی علی الحقیقۃ انتہی اب وہ عبارات
وشبہات جو بظاہر زید کو مفید ہین مع جوابات پیش کرتا ہون تاکہ تحقیق حق کماینبغی ہوجائے
اور طالب حق کو کچھ تردد باقی نرہے اول یہ کہ اگر کوئی زید کی طرف سے رد المحتار کی
اس عبارت سے جو صفحہ ۳۵ مین ہے استدلال کرے عبارتہ ہکذا والاشبہ ترجیح
جواز الخلف فی الوعید فی حق المسلمین دون الکفار توفیقاً بین ادلۃ المانعین المقدمۃ
وادلۃ المثبتین الخ تو اسکا جواب خود شامی کے اُس قول سے جو محصل قول سابق ہے
معلوم ہوتا ہے وحاصل ھذا القول جواز التخصیص لما دل علیہ اللفظ بوضعہ اللغوی
من العموم فی نصوص الوعید ولا ینافی النصوص الصحیحۃ المصرحۃ بان من المؤمنین
من یدخل النار ویعاقب فیہا علی ذنوبہ الخ اس بیان سے صاف ظاہر ہے کہ مسلمین
کے حق مین خلف فی الوعید نہین بلکہ عمومات نصوص سے خارج اور مخصوص ہین جب
مسلمین خارج ہوے تو انکے حق مین خلف فی الوعید برای نام ہے دوم یہ کہ اگر
سید سند کے اُس سوال وجواب سے استدلال لایا جاے جو اونھون نے شرح مواقف
مین کیا ہے وہو ہذا لا یقال انہ یستلزم جوازہما وھو ایضاً محال لانا نقول لیسا
ممتنعۃ کیف وہو من الممکنات التی یشملہا قدرتہ انتہی تو اسکا جواب کئی طرح
پر ہوسکتا ہے اولاً سید صاحب نے اس قول کو کسیکی طرف منسوب نہین کیا نظراً

شبہ اول
جواب
دوسرا شبہ
جواب اول

یہ معلوم ہوتا ہے کہ سید صاحب نے یہ الزامی جواب دیا ہے چونکہ بعض معتزلہ کذب باری
کو ممکن کہتے ہین اور قدرت کے تحت مین داخل کرتے ہین اسلیئے معتزلہ کے جواب مین
ایسا کہا گیا اور اسکی تائید سید صاحب کے اُس قول سے ہوتی ہے جو اونھون نے فرقہ
مزداریہ کے بیان مین لکھا ہے وھو ھذا المزداریۃ ھو ابو موسی عیسی بن صبیح المزدار
وھو تلمیذ بشر اخذ العلم عنه وتزھد حتی سمی راھب المعتزلۃ قال اللہ قادر علی ان یکذب
ویظلم ولو فعل لکان الٰھا کاذبا ظالما تعالی اللہ عما قاله علوا کبیرا انتھی بیان ابو موسی
معتزلی کا یہ قول بیان کیا گیا کہ اللہ قادر علی ان یکذب ویظلم اور اسی قول سے سید
صاحب خدا تعالےٰ کی کمال بری اور تنزیہ بیان کرتے ہین اور کہتے ہین تعالی اللہ عما
قال علوا کبیرا شرح مواقف کی اس عبارت سے دونون امر ظاہر ہوگئے یعنی یہ کہ
کذب باری تعالی کو ممکن کہنا بعض معتزلہ کا مذہب ہے اور سید صاحب کا یہ قول نہین اور
جب سید صاحب کا بنفسہ قول نہوا تو ثابت ہو گیا کہ جواب مذکور مین وہ قول الزاما کہا ہے اسیطرح
سید صاحب کے اوس قول سے بھی میرے مدعا کی تائید ہوتی ہے جو اونھون نے
کتب منطقیہ مین لکھا ہے وہ قول یہ ہے فلا یرد ان خبر اللہ تعالی والرسول لا یحتمل
الکذب انتھی یہان سے بھی صاف ظاہر ہوتا ہے کہ سید صاحب کے نزدیک باریتعالے
کے کلام مین کذب کا امکان نہین پس شرح مواقف کا جواب مذکور بالضرور الزام پر
حمل کیا جائیگا ورنہ دونون کلامون مین تعارض لازم آئیگا جسکی وجہ سے بلا ضرورت
دونون کو ساقط ماننا پڑیگا وہو کما تری سید صاحب کے اسے الزامی قول سے مدعیان

امکان کذب باریتعالی نے دھوکا کھایا ہے افسوس اگر ان صاحبون کی نظر دستی
ہوتی تو اس دہوکے مین نپڑتے ثانیاً بالفرض اگر سید صاحب ہی کا یہ قول ہو تو جمہور
اہل حق کے مقابلہ مین کب لائق قبول اور قابل تمسک ہو سکتا ہے ثالثاً جن محققین
نے سید صاحب کے قول مذکور کے الزامی ہونے کی طرف خیال نہین کیا اونھون
نے اوسے مردود ٹھرایا ہے چنانچہ محقق دوانی شرح عقائد جلالی مین کہتے ہین قلت
الکذب نقص و النقص علیہ تعالی محال فلا یکون من الممکنات ولا یشتمل القدرۃ کما
لا یشتمل القدرۃ سائر وجوہ النقص علیہ تعالی کالجہل والعجز ونفی صفات الکمال
اور بعض اخبار یہ کا یہ گمان کہ محقق دوانی کا رد سید سند پر وارد نہین ہوتا کیونکہ سید
شریف بحث کلام مین تصریح کر چکے ہین کہ قبح فی الفعل جس سے معتزلہ اسکے امتناع پر
استدلال کرتے ہین اور نقص فی الفعل مین کچھ فرق نہین تو نقص فی الفعل سے
اہل سنت کا اوسکو امتناع پر استدلال کرنا اصول اہل سنت کے خلاف ہی (ضمیمہ
اخبار نظام الملک مراد آباد مطبوعہ ۱۲۔ اگست ۹۸ء صفحہ ۳ ملاحظہ ہو) اسکا حاصل
یہ ہی کہ خداوند تعالی کو نقص سے منزہ بتانا اہل سنت کا مذہب نہین بلکہ معتزلہ کا مذہب
ہے اب اسکو اہل حق خود ہی ملاحظہ کرین کہ اہل سنت پر کیسا الزام لگایا جاتا ہے
جب نقص سے منزہ بتانا اہل سنت کا مذہب نہوا تو لا محالہ منزہ نہ ماننا اونکا مذہب
ٹھہر یگا افسوس ایسی فہم پر۔ آب مفصلاً بچند وجوہ اسکا جواب ملاحظہ کیجیے۔ اول
یہ کہ یہ قول سید شریف کا نہین ہے اور کیونکر ہو سکتا ہے حالانکہ سید صاحب حنفی

حنفی ہین اور مختار احناف حسن وقبح اشیار عقلی ہے چنانچہ مسلم الثبوت و توضیح
وتلویح مین مصرح ہے البتہ یہ قول عضد الملۃ والدین صاحب مواقف شافعی کاہے
اور وہ بھی بطور اذعان وجزم نہین فرماتے ہین بلکہ بطور لاعلمی واستفسار کہتے ہین چنانچہ
عبارت اونکی دال ہے ولم یظہر لی فرق بین النقص فی الفعل وبین القبح العقلی فیہ
فان النقص فی الافعال ہو القبح العقلی بعینہ فیہا وانما تختلف العبارۃ پھر مدعی کو
حنفی ہوکر شافعیہ کے قول سے متمسک کیونکر صحیح ہوسکتا ہے اور دوسرے یہ کہ مسلم الثبوت
وغیرہ مین قول صاحب مواقف کو رد کیا ہے والجواب انہ نقص وقد مر انہ لا نزاع
فیہ وما فی المواقف ان النقص فی الافعال یرجع الی القبح العقلی فممنوع لان ما ینافی
الوجوب الذاتی کیفما کان اوفعلا من الاستحالات العقلیۃ الخ (مسلم الثبوت)
اور تیسرے یہ کہ خود سید شریف نے محالیت نقص کو اجماعی قرار دیا ہے چنانچہ
لکھا ہے والنقص علیہ محال اجماعا (شرح مواقف صفحہ ۳۳۳) چوتھی یہ کہ خود صاحب مواقف
نے نص کیا ہے کہ حسن وقبح بمعنی صفت کمال ونقصان وبمعنی مصلحۃ ومفسدۃ اتفاقا
عقلی ہین عبارتہ ہذا ولا بد من تحریر محل النزاع فنقول الحسن والقبح یقال لمعان
ثلثۃ الاول صفۃ الکمال والنقص یقال العلم حسن والجہل قبیح ولا نزاع ان مدرکہ
العقل الثانی ملائمۃ الغرض ومنافرتہ وقد یعبر عنہما بالمصلحۃ والمفسدۃ
وہو ایضا عقلی اور امام المتکلمین فخر الدین رازی اپنی تفسیر کبیر کی جلد اول

کے صفحہ ۵۸۲ مین اسطرح نص فرماتے ہین المسئلة الرابعة قوله تعالی فلن
یخلف الله عهده یدل علی انه سبحانه منزه عن الکذب فی وعده و وعیده قال اصحابنا
لان الکذب صفة نقص والنقص علی الله محال اور جلد چہارم صفحہ ۱۹۶ مین تحریر کرتے
ہین الصفة الثانیة من صفات کلمة الله کونها صدقا والدلیل علیه ان الکذب
نقص والنقص علی الله محال ولا یجوز اثبات ان الکذب علی الله محال بالدلائل السمعیة
لان صحة الدلائل السمعیة موقوفة علی ان الکذب علی الله محال فلو اثبتنا امتناع
الکذب علی الله بالدلائل السمعیة لزم الدور وهو باطل واعلم ان هذا الکلام کما
یدل علی ان الخلف فی وعد الله تع محال فهو ایضا یدل علی ان الخلف فی وعیده
محال آه جب یہ اکابر اسطرح تصریح کرتے ہین تو کذب اور خلف فی الوعید کو صفت
نقصان قرار دیکر محال کہنا کیونکر خلاف اہل سنت وجماعت ہوگا۔ اس تقریر سے
واضح ہوگیا کہ صاحب مواقف نے جو معتزلہ کی الزامی دلیل کا رد اسطرح کیا ہے
کہ امتناع کذب باریتعالی کی دلیل ہمارے نزدیک یہ نہین ہے کہ وہ قبیح ہے تاکہ
اُسکے شرعی ہونے کی وجہ سے اُسکا امتناع ثابت نہو بلکہ ممکن ہے کہ اسکے لیئے دوسری
دلیل ہو یہ رد تطویل لاطائل ہے بلکہ جواب عمدہ اوسکا وہ ہے جو مسلم الثبوت مین
مذکور ہے کہ باتفاق عقلا کذب صفت نقصان ہے اور باری عز اسمہ صفات نقص
سے مبرا ہے هذا ما وعدنا فیما قبل اور محقق دوانی اور سید سند کے کلام مین اسطرح
تطبیق دینا بھی خیال خام ہے کہ محقق دوانی کا قول کلام نفسی پر محمول ہو اور سید شریف

کا کلام نفظی پر جیسا کہ اخباری صاحب نے لکھا ہے (ضمیمہ اخبار مذکور صفحہ ۳) یہ کیسے ممکن
ہوگا کہ ایک شخص دوسرے کے کلام کو رد کرے اور اوس رد کرنے والے کی مراد ایسی بیان
کیجائے جو اس رد کو غلط ٹھہرائے توجیہ القول بما لا یرضی قائلہ اسیکو کہتے ہین جسکے
بطلان پر اہل عقل کا اتفاق ہے اخباری صاحب کو یہ خبر نہین کہ تطبیق کا یہ محل نہین
ہے بلکہ تطبیق وہان ہو سکتی ہے کہ ہر ایک کا قول علیحدہ طور سے اپنے اپنے محل پر ہو
اسکے علاوہ اس تطبیق کی بنا اسپر ہے کہ کلام نفظی اور کلام نفسی کے درمیان امتناع
کذب اور صدق مین اختلاف ہو وہو باطل کما سیاتی عنقریب بیان سے اخباریہ
صاحب کا وہ خیال بھی غلط ہو گیا جو اخبار مذکور کے صفحہ ۴ مین ہے کہ کذب کا محال
عقلی ہونا ممتنع ہے بلکہ وہ محال شرعی ہے اور محال شرعی کے امکان کو عقلی کہنا
عاقل کا کام نہین انتہی امام فخر الدین رازی صاحب نے تصریح کر دی کہ کذب کا محال
شرعی ہونا غلط ہے بلکہ وہ محال عقلی ہے مولانا اخباریہ یہ بھی خیال نہین کرتے کہ تمام
عقلا کے نزدیک باریتعالی کے لیے کذب ویسا ہی ممتنع الثبوت ہے جیسے اور صفات
ناقصہ مثل جہل و عجز وغیرہما کے اوس ذات پاک سے کذب کا ممتنع ہونا جسطرح
شریعت الٓہی کے ماننے والے تسلیم کرتے ہین اوسیطرح منکرین شریعت الٓہی یعنی حکما
وغیرہ بھی اوسے مانتے ہین اگر اسکا استحالہ موقوف علی الشرع ہوتا تو منکرین شریعت
اوسے کیون مانتے اور اگر شرعی کہنے سے مقصود ماورد بہ الشرع ہو تو یہ عقلی ہونیکے منافی
نہین ہے بہت سے امور عقلیہ شریعت مین بیان کیے گئے ہین مثلا علم باری توحید باری

وغیرہا بھر کیا یہ امور شریعت مین مذکور ہونیکی وجہ سے امور عقلیہ سے خارج ہوجاینگے

نمبر سوم

سوم یہ کہ اگر زید اپنے اثبات دعوی مین یہ سند پیش کرے کہ خدا کے افعال اختیاریہ ہین اور متکلمین کے نزدیک اختیاریۃ افعال کے یہ معنی ہین ان شاء فعل وان شاء لم یفعل وقیل ان لم یشاء لم یفعل جیسا کہ مسلم الثبوت وغیرہ مین مذکور ہے پس منکرین اور مطیعین کو دوزخ وجنت مین لیجانا بھی اختیاری ہوگا چاہے لیجاے یا نہ لیجاے اور ممکن ہوگا کہ مطیع کو دوزخ مین ڈالدے اور منکر کو جنت مین اور اسکا امکان کذب باری اور خلف فی الوعید کے امکان کو مستلزم ہے وہو المدعا اقول اسکا

جواب اول

